معلوماتی پرچہ

# الیکٹرانک پریسکرپشنز

## الیکٹرانک پریسکرپشن (نسخے) سے کیا مراد ہے؟

الیکٹرانک پریسکرپشن کاغذ پر پرنٹ کیے جانے والے نسخے کی ڈیجیٹل شکل ہے۔ یہ کاغذی نسخے کی بجائے ایک محفوظ اور سہل نسخہ ہے۔ جب آپ ڈاکٹر کے پاس جائیں تو آپ آئندہ کسی نسخے کی ضرورت ہونے پر الیکٹرانک پریسکرپشن لینے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

## الیکٹرانک پریسکرپشن کے کیا فوائد ہیں؟

- آپ کو کاغذ کا نسخہ ساتھ لے جانے کی ضرورت نہیں ہوتی اور اس طرح نسخے گم ہو جانے کا خطرہ کم ہوتا ہے۔
- آپ اپنے الیکٹرانک پریسکرپشنز اپنی موبائل ڈیوائس پر کسی بھی جگہ دیکھ سکتے ہیں جہاں انٹرنیٹ مہیا ہو۔
- اگر آپ اکثر سفر کرتے ہوں تو الیکٹرانک پریسکرپشن زیادہ آسان حل ہے۔ اگر آپ فارمیسی تک نہ جا سکتے ہوں تو الیکٹرانک پریسکرپشن استعمال کر کے دوائیاں آرڈر کرنا زیادہ آسان ہوتا ہے اور اس میں کم وقت صرف ہوتا ہے۔
- اگر آپ ٹیلی ہیلتھ پر ڈاکٹر سے مشورہ کر رہے ہوں تو آپ کو فوراً پریسکرپشن مل سکتا ہے۔

## میں الیکٹرانک پریسکرپشن کیسے حاصل کروں؟

آپ کا ڈاکٹر آپ کے موبائل فون پر ایس ایم ایس یا ای میل بھیجے گا۔ اس میں ایک منفرد QR بارکوڈ کا لنک ہوگا جسے 'ٹوکن' کہا جاتا ہے جس میں آپ کے نسخے کی معلومات شامل ہیں۔ آپ کو تجویز کی گئی ہر دوائی کے لیے علیحدہ ٹوکن ملے گا۔ اپنے ڈاکٹر سے بات ختم کرنے سے پہلے چیک کر لیں کہ آپ کو آپ کا ٹوکن مل گیا ہے۔

## میں الیکٹرانک پریسکرپشن کیسے استعمال کروں؟

اپنے ڈاکٹر کی طرف سے آنے والا میسیج کھولیں۔ پھر، پیغام میں نظر آنے والے لنک پر کلک کریں۔ سکرین پر آپ کا الیکٹرانک پریسکرپشن ٹوکن آ جائے گا۔

اپنی پسند کی فارمیسی پر جائیں اور اپنا ٹوکن پیش کریں۔ وہ ٹوکن سکین کر کے آپ کو دوائی دے دیں گے۔ اگر آپ کے نسخے میں ایک سے زیادہ مرتبہ کے لیے (ریپیٹ) دوائی لکھی ہے تو فارمیسی آپ کے اگلے ریپیٹ کے لیے آپ کو ایک نیا ٹوکن بھیجے گی۔

وقت بچانے کی خاطر آپ اپنا ٹوکن سیدھے فارمیسی کو فارورڈ کر سکتے ہیں تاکہ وہ آپ کے پہنچنے سے پہلے دوائی تیار کر دیں یا آپ کے گھر دوائی پہنچا دیں (اگر وہ یہ سروس دیتے ہوں تو)۔۔

## کیا میری دوائی کوئی اور لے سکتا ہے؟

ہاں، آپ اپنا ٹوکن اپنے بھروسے کے کسی دوست/گھر کے فرد/کیئرر کو فارورڈ کر سکتے ہیں اور وہ آپ کے لیے دوائی لا سکتا ہے۔

Australian Government
Australian Digital Health Agency

## اگر مجھ سے غلطی سے الیکٹرانک پریسکرپشن گم یا ڈیلیٹ ہو جائے تو کیا ہو گا؟

اگر آپ سے الیکٹرانک پریسکرپشن والی ایس ایم ایس یا ای میل گم یا ڈیلیٹ ہو جائے تو آپ یہ دوبارہ مانگ سکتے ہیں۔ اوریجنل پریسکرپشن مانگنے کے لیے اس ڈاکٹر سے رابطہ کریں جس نے پریسکرپشن دیا تھا۔ ریپیٹ لینے کے لیے اس فارمیسی سے رابطہ کریں جس نے ریپیٹ دیا تھا۔

## ایکٹیو سکرپٹ لسٹ (Active Script List) سے کیا مراد ہے؟

ایکٹیو سکرپٹ لسٹ سے مراد آپ کے الیکٹرانک پریسکرپشنز کی ڈیجیٹل فہرست ہے۔ اگر آپ کئی دوائیاں لیتے ہوں تو یہ ایک اچھی سہولت ہو سکتی ہے۔

## ایکٹیو سکرپٹ لسٹ کے کیا فوائد ہیں؟

- آپ کو اپنے کئی الیکٹرانک پریسکرپشن ٹوکنز کو الگ الگ سنبھال کر نہیں رکھنا پڑتا۔
- آسٹریلیا بھر میں زیادہ تر فارمیسیاں ایکٹیو سکرپٹ لسٹ دیکھ سکتی ہیں اور اگر آپ نے انہیں اجازت دی ہو تو وہ آپ کی دوائیاں فراہم کر سکتی ہیں۔
- ایکٹیو سکرپٹ لسٹ سے آپ کے ڈاکٹر اور فارماسسٹ آپ کی دوائیوں کا کام زیادہ آسانی سے کر سکتے ہیں۔
- اگر آپ کی فارمیسی گھر پر ڈیلیوری کرتی ہے تو آپ کو اپنی دوائیاں لینے کے لیے گھر سے نکلنے کی ضرورت نہیں۔

## میں ایکٹیو سکرپٹ لسٹ کیسے حاصل کروں؟

- اپنی لسٹ بنانے کے لیے موبائل فون اور 100 پوائنٹس پورے کرنے والے شناختی کاغذات لے کر اپنی فارمیسی پر جائیں۔ شناخت کے 100 پوائنٹس (PDF، 83.08 KB)۔

- اس لسٹ کے لیے رجسٹر کرنے کے بعد آپ کو جو بھی الیکٹرانک پریسکرپشن ملے گا وہ خود بخود آپ کی ایکٹیو سکرپٹ لسٹ میں شامل ہو جائے گا۔ آپ اپنے ڈاکٹر سے بات کر کے یہ چن سکتے ہیں کہ کچھ دوائیاں اس لسٹ میں شامل نہ کی جائیں۔

- اگر آپ ٹوکن کے لنک والی ایس ایم ایس یا ای میل وصول کرنے کا انتخاب کریں تو آپ کو یہ بھی بھیجی سکتی ہے۔

جب آپ اپنی فارمیسی پر جائیں تو ان سے کہیں کہ وہ آپ کی ایکٹیو سکرپٹ لسٹ دیکھ کر آپ کی دوائی تیار کر دیں۔

## اضافی وسائل

الیکٹرانک پریسکرپشنز کا ویب پیج: https://www.digitalhealth.gov.au/electronic-prescriptions

الیکٹرانک پریسکرپشنز اور ایکٹیو سکرپٹ لسٹ کے متعلق آن لائن سیکھیں:
https://training.digitalhealth.gov.au/mod/page/view.php?id=961

آسٹریلین ڈیجیٹل ہیلتھ ایجنسی کا رابطہ فارم: www.digitalhealth.gov.au/contact-us

تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس
131 450
www.tisnational.gov.au/Help-using-TIS-National-services/Contact-TIS-National

نیشنل ریلے سروس
1300 555 727
www.accesshub.gov.au